<u>*ایک رکن:*</u> وایه وایه۔۔۔۔

<u>*جناب محمد علی(پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ):*</u> خو زما صرف دا یو ګزارش دے جناب سپیکر صاحب، چې یو افسر چې هغه دومره پورې نډر او دلیر دے چې د هغه تبادله کیږی په 11 ستمبر او 24 ستمبر پورې دا سړے په دفتر کښې ناست دے او برملا دا وائی چې هغه منسټر ته د اووایه چې راشه ما اوباسه او هغه ایم پی اے ته د اووایه، زه د دې ځائې نه نه پاځم۔ خو زه صرف د دې یوې خبرې ګزارش کوم چې هم په دې 24 ستمبر باندې د قوم مشران د درې کلو اتیا مشران راوتلی دی او د دغه دفتر ګهیراؤ ئے کړے دے او بیا پولیس او د دې قوم په مینځ کښې یوه معاهده هم شوې ده چې هغه معاهده جناب سپیکر صاحب، داسې ده:

"قرارداد بہ طرف قوم کوہستان بشمول کلکوٹ لاموتی تھل

آج بہ مورخہ 24-09-2013 جملہ مشران درج بالا بشمول جے ایف ایم سی، جوائنٹ فارسٹ مینجمنٹ کمیٹی، قرارداد پیش کرتے ہیں کہ جس وقت تک ڈویژنل فارسٹ منیجر، ایف ڈی سی شرینگل محمد زیاد یہاں موجود ہوگا ہم جنگل میں ون کنٹریکٹ اور دوسرے کام اور جنگل میں فیلڈ کے کام نہ ہونے دینگے، لہذا ڈی ایف ایم ہذا کا ٹرانسفر ہو چکا ہے لیکن محکمہ کا حکم نہیں مانتا اور زبردستی سے چارج سنبھالا ہوا ہے، مختلف رکاوٹ پیدا کرکے جے ایف ایم سی کے ساتھ بھی بغیر مشاورت علاقے میں تصادم پیدا کرنے کی کوشش کر رہا ہے، لہذا اس کا یہاں سے تبادلہ کرکے دوسرا ڈویژن کھولا جائے۔"

جناب سپیکر صاحب! زه ډیر دا خبره په افسوس سره کوم، ما ته مناسب هم نه وه چې په دې څلورو میاشتو کښې او بیا په دې یوه هفته کښې دوه پریویلج موشنز پش کوم، دا زما د پاره هم ښه خبره نه ده خو زه صرف دا یو عرض کوم جناب سپیکر صاحب! چې د کرپټ زمونږه افسرانو دا رویه ده چې هم غلا په ډاګه باندې کوی او هم بیا د هغه تبادله کیږی او کورټ ته ځی۔ جناب سپیکر صاحب! زما لږه شکوه او ګیله هم ده، هغه ګیله او شکوه زما دا ده، یو سړے مړے کوی نو د هغه د پاره بهترین او محفوظ ځائې باجوړ دے، هغه ځی په باجوړ کښې پناه اخلی چې ما پسې څوک نشی راتلے۔ په پاکستان کښې زمونږ سیاستدانان د ټاپ چې کوم غله دی، غلا کوی او سعودی عرب وائی راشه زما جولئ تاته خالی ده، پناه زما سره اخله۔ دغه شان چې کوم کرپټ افسران دی او مونږ د هغوی ګریوان ته لاس اچوؤ نو هغوی ډائریکټ ځی عدالت ته، Stay راخلی چې "*مجھے سیاسی طور پر تبدیل کیا گیا ہے*"، زه اخر دا وایم، د عدالت په خدمت کښې هم زما دا ګزارش دے چې کم از کم هغه دا ګوری چې زه دا Stay چا له ورکوم او په کوم بنیاد باندې چې دے نو دا سړے تبدیل شوے دے؟ نو لهذا زه دا عرض کوم جناب سپیکر صاحب، دیارلس ورځې دا سړے په دفتر کښې په بدمعاشئ ناست دے او بیا تلے دے کورټ کښې چې دے نو Stay اخستې ده چې زه سیاسی طور باندې تبدیل شوے یم۔ زه صرف دا مثال درکوم، زما په حلقه کښې یو ډاکټر وو، انتهائی غلط انسان وو چې ما ته غریبانان خلق به راتلل او ما ته ئے درخواست او منت کولو چې ته په خپل کور کښې خور او مور لرې، د دې ډاکټر داسې کردار دے چې عزتمند خلق دا ډاکټر کور ته نشی بوتلے، دا زمونږ په زنانؤ باندې غلط

نظر اچوی، هغه ډاکټر ما په ډی ایچ او باندې بدل کړو، په سحر هغه لاړو، وائی مجھے سیاسی طور پر تبدیل کیا گیا ہے او ایم پی اے زما نه غلط ډیمانډ کولو، نو زه حیران په دې یم چې د یو میډیکل ټیکنیشن، ما به هغه ته څه وئیل چې ما ته ډسپرین ګولئ کور ته راا ولیږه چې ما پرې غلط کولو؟ خو زه حیران په دې یم چې کورټ سړی له Stay ورکوی، هغه بیا په هغه ځائې ناست وی، د دې ډی ایف ایم په باره کښې خو زه دا وایم چې جناب سپیکر صاحب! که اسمبلی په دې صوبه کښې نه وې او دا پارلیمنټ نه وے نو ما چې دے دې سړی له په خپل انداز باندې سزا ورکولې شوه، ما دے په ګاډی پورې تړلو او په دې روډونو باندې ما دا سړے راښکودو او دا زه هر هغه کرپټ افسرانو او بیوروکریسی ته چیلنج ورکوم، په دې اسمبلئ کښې چې خپلې قبلې درست کړئ، قبلې، خپل قبر هم د اور نه مه ډکوئ، خپل بچو له هم حرام رزق مه وړئ، که خپلې قبلې مو درست نه کړې نو ما ته بیا په بله طریقه باندې هم ستاسو د سمولو لاره معلومه ده او په هغې باندې بیا زه ښه پوهیږم۔ لهذا زه دا وایم، دا د 124 ایم پی ایز بې عزتی ده، د 124 ایم پی ایز تذلیل شوے دے، زه دې اسمبلئ ته دا وایم، زه به په دوه خبرو مطمئن کیږم جناب سپیکر صاحب، اولنئ خبره خو دا ده چې دے سړی Stay اخستې ده او سبا په دس تاریخ د دې سړی Stay ماتیږی، فوری طور د دا سړے د دغه ځائې نه Suspend شی او د ده تبادله د دیر اپر نه وشی او دا کیس د کمیټئ ته ولیږلے شی او سخت ترین کارروائی د دې بداخلاق خلاف د وشی۔ شکریه۔

<u>جناب قائمقام سپیکر:</u> جی حبیب الرحمن صاحب، پلیز۔

<u>جناب حبیب الرحمن (وزیر زکواۃ و عشر):</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔

(قطع کلامیاں)

<u>جناب قائمقام سپیکر:</u> محترمہ انیسہ زیب صاحبہ۔

(قطع کلامیاں)

<u>محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی (پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات):</u> شکریہ، جناب سپیکر۔ معزز رکن کی جو تحریک استحقاق ہے، اس میں خود ہی جو وزارت ماحولیات ہے، اس کی طرف سے لیا جانے والا ایکشن سامنے واضح ہے اور انہوں نے جو اس کے بعد تمہیداً بیان کیا، اسی میں وہ وجہ بھی پنہاں ہے کہ جس وجہ سے

جو موصوف ہے، جنکے خلاف یہ تحریک استحقاق پیش کی گئی، وہ ابھی تک اپنے اس منصب پر براجمان ہے، عدالت کی طرف سے انہیں Stay ملا ہے، وہ Stay محکمہ اپنی طرف سے فی الفور خارج کرنے کی کوشش میں ہے، کل بھی اس میں تاریخ ہے، امید ہے کہ وہ Stay vacate ہوگا اور اس کے خلاف فوری طور پر 11 ستمبر کو جس دن انہوں نے یہ معاملہ پیش کیا، اسی وقت ایکشن لیا گیا، اسے تبدیل کیا گیا لیکن چونکہ عدالت کی ایک سپورٹ آ گئی اور وہ Stay order لے لیا گیا، اس آرڈر کے مطابق جو ایک سول سرونٹ کے پاس ایک طریقہ کار ہے، تو اس وجہ سے ابھی تک وہاں پر ایکشن یہ ہے۔ جہاں تک انکی بات ہے، یہ بالکل میں ان کے ساتھ اتفاق کرتی ہوں، مجھے کوئی اعتراض نہیں، اگر اسے آپ کمیٹی کو بھجوائیں وہاں اور پر اس کو پیش کیا جائیگا۔ جہاں تک محکمے کا تعلق ہے تو وہ محکمہ بھی اس میں فوری طور پر انتہائی سخت ایکشن لے گا تاکہ اس کی بات کی تہہ تک پہنچنے کے بعد جو بھی سزا، چاہے وہ چارج شیٹ ہے یا اس کے خلاف جو بھی ایکشن ہے، وہ اس کو لینے کی پوزیشن میں ہوگا۔ آپ فی الحال اسے فوری طور پر کمیٹی کو ریفر کر دیں تاکہ ہمارے معزز رکن جو ہے، وہ ان کا استحقاق جو ہے، اس کا ہم دفاع کر سکیں۔

(تالیاں)

<u>Mr. Acting Speaker</u>: Is it the desire of the House that the privilege motion No. 9, moved by the honourable Member, be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Acting Speaker</u>: The ‘Ayes’ have it, the privilege motion is referred to the concerned Committee.

<u>جناب سردار حسین</u>: جناب سپیکر صاحب! میں ایک عرض کرنا چاہتا تھا۔۔۔۔

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: میں جی 'سوری' افسوس سے کہتا ہوں کہ ایجنڈے کو پہلے ختم کر دیتے ہیں، بے شک پھر اس کے بعد۔ جی سردار بابک صاحب۔

<u>جناب سردار حسین</u>: سپیکر صاحب، تھینک یو آپ کا، 'سوری' کہ بار بار اٹھنا پڑتا ہے۔ سپیکر صاحب، میں نے کل بھی یہ نکتہ اٹھایا تھا کہ ابھی میں دیکھ رہا تھا وقفہ سے پہلے کہ منسٹر انوائرنمنٹ یہاں پر موجود تھے اور ایجنڈے پر بزنس بھی موجود ہے اور جب ایجنڈے کی بات آئی تو منسٹر انوائرنمنٹ یہاں پر موجود نہیں ہیں، تو اس سے پھر ہم کیا نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں؟ ایک طرف سے ہم یہ سن رہے ہیں کہ Right man for the right job، ایک طرف سے ہم کہتے ہیں کہ میرٹ پر جو ہے وہ، میں تو یہ سمجھتا ہوں، مجھے تو یہ حق

نہیں پہنچتا کہ کسی پارٹی کے متعلق میں یہ کہوں لیکن انیسہ زیب صاحبہ جو ہیں، وہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ سارے ہاؤس میں Senior most parliamentarian ہیں، پچھلے چار مہینے سے، کل بھی میں نے بات کی تھی، سکندر صاحب نے یہاں پر جواب دیا، آج بھی ایجنڈے پر Minister Concerned کی بزنس موجود ہے اور وہ یہاں بھی موجود ہیں، ہونگے یہاں پہ کہیں لیکن نہیں آئے یہاں پر، تو اس سے پھر یہ ہاؤس کیا نتیجہ اخذ کر سکتا ہے کہ حکومت کی طرف سے کتنی Seriousness ہے؟ سپیکر صاحب! ریکویسٹ کرتے ہیں کہ آپ کے رولنگ سے جو آپ نے دی ہے، مجھے امید ہے کہ ان شاء اللہ کل سے اس پر ٹھیک ٹھاک عمل درآمد ہونا چاہیے، Otherwise تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ سارے ہاؤس کی بزنس کے ساتھ ایک مذاق ہے اور یہ ہمیں نہ کہا جائے کہ یہ Collective responsibility ہے، اگر یہ Collective responsibility ہے تو پھر ایک منسٹر یہاں پر بیٹھے، باقی جو لوگ ہیں، وہ سارے چلے جائیں۔ Collective responsibility ہے، ایک منسٹر سارے منسٹرز کے جواب دینگے لیکن یہ طریقہ جو ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ Smooth running کیلئے صحیح نہیں ہے، سپیکر صاحب۔

<u>جناب قائم مقام سپیکر:</u> شکریہ۔ جی، محترمہ انیسہ زیب۔

<u>محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی (پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات):</u> شکریہ، جناب سپیکر۔ میرے بھائی معزز رکن، جناب سردار حسین صاحب نے کل بھی یہ نکتہ اٹھایا، آج بھی انہوں نے کوشش کی کہ اس چیز کو، میں تو اس کو معذرت کے ساتھ 'پولٹیکل پوائنٹ سکورنگ' کہونگی۔ بنیادی طور پر دیکھا یہ جائے کہ کیا یہ کوئی قوانین یا ضوابط کے خلاف ہے کہ پارلیمانی سیکرٹری جواب دے؟ میں تو سمجھتی ہوں کہ یہ ایک Internal arrangement ہے Of the Ministry، اگر منسٹر بیٹھا بھی ہو اور وہ اگر ہو تو پارلیمانی سیکرٹری مجاز ہے یا وہ ان کی Division of work ہے جو ہمارا Internal matter ہے منسٹری کا۔ اگر میرے جواب سے وہ مطمئن نہیں ہیں تو پھر وہ شاید اس بات کا تقاضا کر سکتے ہیں، All the cabinet members are collectively responsible, there is no doubt about it۔ جہاں تک معاملہ ہے وزیر صاحب کا، وہ آکر بیٹھے رہے، اگر یہ بزنس بر وقت آجاتی تو وہ ہی جواب دیدیتے لیکن ان کا ایک Delegation آنا تھا، So he had to leave، اس میں اتنی کوئی بڑی بات نہیں ہے۔ کیا کبھی ماضی میں ایسا نہیں ہوا، کیا ایسا پہلی مرتبہ ہو رہا ہے کہ جناب، میرے Experienced بھائی سردار حسین صاحب یہ پہلی دفعہ دیکھ رہے ہیں؟ لیکن صرف مسئلہ یہ ہے کہ آپ، اگر مجھ سے کوئی

کوتاہی ہو گئی یا میرے جواب میں کوئی کمی رہ گئی تو شاید وہ زیادہ Expect کریں Minister concerned سے لیکن It`s an internal arrangement انتہائی معذرت کے ساتھ میں اپنے فاضل رکن سے کہونگی کہ جو ہاؤس کی بزنس ہے، ساتھ ساتھ منسٹری کی بزنس کا ایک اس میں پوائنٹ ہے، آپ وہ بھی کرینگے اور منسٹری کے جو دیگر امور ہیں، انہیں بھی آزمانا ہے، شاید یہی وجہ ہے جس کیلئے پارلیمانی سیکرٹریز کی گنجائش قانون میں رکھی گئی ہے اور ان کو مقرر کیا گیا ہے۔

جناب قائمقام سپیکر: جی۔

جناب سردار حسین: میں یہ سمجھتا ہوں کہ بزنس کی پراپرٹی جو ہے، اس میں کوئی Internal affairs matters نہیں ہوتے اور یہ پھر کیا بات ہوئی کہ منسٹر کی موجودگی میں بھی پارلیمانی سیکرٹری جو ہے، وہ قانون کے تحت اس قابل ہے کہ وہ جواب دیں گے اور میں نے میرے خیال میں انیسہ زیب طاہر خیلی صاحبہ کی تعریف کی ہے، وہ اسی حوالے سے بھی کہ ہم بہت چھوٹے تھے کہ ہم نام سنتے تھے اور میں بڑے احترام کے ساتھ کہتا ہوں، لیکن پچھلے چار مہینے سے، کل بھی میں نے بات کی تھی، پچھلے چار مہینے سے اگر کوئی Minister concerned نہیں آتا اور آتا بھی ہے، بزنس کے دوران وہ ہاؤس میں نہیں آتا تو کیا یہ حق اپوزیشن کو نہیں پہنچتا کہ وہ یہ پوچھے، اس کیلئے بھی کیا یہ جواب کافی ہے کہ یہ پولیٹکل سکورنگ ہے؟ میں نہیں سمجھتا کہ اس کیلئے یہ جواب کافی ہے کہ یہ پولیٹکل سکورنگ ہے، یہ پولیٹکل سکورنگ نہیں ہے۔ اگر تحریک انصاف اور ان کی اتحادی جماعتوں کی ساری تعیناتی میرٹ پہ ہوئی ہے تو پھر ایک بندہ کیوں ہاؤس میں نہیں آتا؟ اور پھر یہ ایشورنس بھی دیدی جائے کہ Next time اگر انوائرنمنٹ منسٹر کی بزنس ہو گی تو وہ خود Appear ہو گا تو کم از کم ہم مطمئن ہونگے، اس میں کوئی پولیٹکل سکورنگ کی بات نہیں ہے لیکن ہمیں یہ حق پہنچتا ہے کہ ہم یہ پوچھیں ان سے۔ اگر ایک فاضل ممبر اپنا ایک بہت بڑا مسئلہ لے آتا ہے جس طرح ہمارے بعض جو منسٹران صاحبان ہیں، وہ یہاں پہ ابھی بیٹھے ہیں، وہ In picture ہوتے ہیں اپنے ڈیپارٹمنٹ سے، اب اس طرح کے سپلیمنٹری جوابات دینے سے کیا فاضل ممبر خواہ اس کا تعلق حکومتی گروہ سے ہو یا اپوزیشن سے ہو، وہ تو اسی بات پہ مطمئن ضرور ہونگے کہ ان کو ایشورنس دیدی جائے گی لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان کی Presence جو ہے، وہ ضروری ہے۔ میں دوبارہ Repeat کروں گا کہ مہینے میں ابھی تو اریخ کا اور دنوں کا جو تعین ہو چکا ہے، لہذا وزراء صاحبان جو ہیں، باقی Schedule اس

میں Accommodate کر لیں اور اسمبلی کے دوران کم از کم ان کو اپنی حاضری جو ہے، وہ Ensure کرنی چاہیے۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ جی۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Acting Speaker: 'Call Attention Notices': Madam Uzma Khan, MPA, to please move her call attention notice No. 104, in the House.

محترمہ عظمیٰ خان: بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ، جناب سپیکر۔ میں اس معزز ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں، یہ کہ فیڈرل سروس ٹریبونل اور سپریم کورٹ آف پاکستان ایک ہی سکیل میں اپ گریڈیشن کو ترقی تصور کر کے ملازمین کو ایک Premature increment کا حقدار ٹھہرایا ہے جس پر خزانہ ڈویژن نے مورخہ 31 مئی 2013 کو باقاعدہ نوٹیفیکیشن جاری کر کے سال 2002 سے 2013 کے دوران اپ گریڈ شدہ ملازمین کو اضافی تنخواہوں، الاؤنسز بمعہ بقایاجات مالی سال 2014 میں دینے کی ہدایت کی تھی۔ اس سلسلے میں وفاق کے زیر نگرانی محکمہ جات میں تمام وفاقی ملازمین کو Premature increment کے تحت اضافی تنخواہ، الاؤنسز بمعہ بقایاجات کی ادائیگی کی گئی ہے لیکن اس کے برعکس صوبائی محکمہ خزانہ کی طرف سے جناب وزیر اعلیٰ صاحب کو بھیجی گئی سمری تاحال بے یارومددگار پڑی ہے اور خدشہ ہے کہ جناب وزیر اعلیٰ صاحب بعض حکومتی نادان صلاح کاروں کی ایما پر صوبائی ملازمین کو Premature increment کے تحت اضافی الاؤنسز کے بقایاجات سے محروم نہ کر دیں جس کیلئے انہوں نے کئی سالوں تک انتظار کیا ہے، لہذا جناب وزیر اعلیٰ صاحب وسیع القلبی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اور حکومتی صلاح کاروں کے مشوروں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اپ گریڈ شدہ ملازمین کو Premature increment کے تحت اضافی تنخواہ و الاؤنسز بمعہ بقایاجات منظوری دیں تاکہ یہ کم تنخواہ دار ملازمین اس سے اپنی ضروریات زندگی پوری کر سکیں اور مذکورہ نوٹیفیکیشن پر عمل درآمد نہ ہونے کی صورت میں توہین عدالت کا بھی خدشہ ہے۔

سپیکر صاحب! اس کے بارے میں سپریم کورٹ آف پاکستان کا Decision پڑا ہے اور انہوں نے، جناب سپیکر، یہ جس بارے میں میں نے کال اٹینشن جمع کرایا ہے، اس پر سپریم کورٹ آف پاکستان کا Decision آیا ہوا ہے اور جناب سپیکر، یہ Implement کرنا ہے۔ اگر Implement نہ ہوا تو یقیناً

Contempt of court میں کوئی بھی ہمارے خلاف کورٹ میں جاسکتا ہے۔ اس سے پہلے کہ سیچویشن گھمبیر ہو تو سر، میری Humble request ہو گی، اس کو جلد از جلد Consider کیا جائے اور جو سمری وزیر اعلیٰ صاحب نے لاء ڈیپارٹمنٹ کو اور لاء ڈیپارٹمنٹ نے ابھی فنانس سے اس پر Applications مانگی ہیں تو اس کو بہت 'سپیڈاپ' کر دیا جائے جناب سپیکر۔ میری منسٹر صاحب سے یہی درخواست ہو گی، پراسیس تھوڑا بہت جاری ہے، اگر وہ مجھے ایشورنس دیدیں کہ وہ واقعی دینا چاہتے ہیں Premature increment تو جناب سپیکر، میں پھر Satisfied ہوں۔

جناب قائمقام سپیکر: جناب محترم سراج الحق صاحب۔

جناب سراج الحق {سینیئر وزیر (خزانہ)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! سب سے پہلے تو محترمہ عظمیٰ خان صاحبہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ایک اہم مسئلے کی طرف توجہ دلائی ہے اور میرے علم کے مطابق گزشتہ اسمبلی میں بھی شاید عظمیٰ خان صاحبہ نے یا کسی اور ممبر نے یہ مسئلہ اٹھایا تھا، گزشتہ حکومت میں بھی۔ میں ایک اصولی بات کرنا چاہوں گا اور میں نے سرکار سے، متعلقہ محکموں سے یہ بات کی ہے کہ یہ کوئی اچھی پریکٹس نہیں ہے کہ لوگ انفرادی طور پر آتے ہیں، اثر رسوخ استعمال کرتے ہیں پروموشن کے حوالے سے اور الاؤنسز کے حوالے سے، مراعات کے حوالے سے، اس لئے میں نے متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کو ٹاسک دیا ہے کہ تمام پروموشنز کے حوالے سے بھی، الاؤنسز کے حوالے سے بھی ایک ایسی کلیئر پالیسی ہو جو بالکل واضح ہو، دیوار پر لکھی ہوئی ہو اور اس میں کسی کو سفارش کرنا یا اثر رسوخ استعمال کرنے کی ضرورت نہ ہو۔ اس پہ کام جاری ہے، اس لئے کہ گزشتہ 120 دنوں میں مسلسل میرے علم میں یہ بات آئی ہے کہ انفرادی طور پر لوگ آتے ہیں، کہتے ہیں کہ مجھے یہ پروموشن کی ضرورت ہے، اس پروموشن کی ضرورت ہے تو یہ کوئی مثبت Exercise نہیں ہے۔ فنانس کے حوالے سے جناب سپیکر صاحب، میں نے اپنے محکمے کو ٹاسک دیا ہے کہ میں چاہتا ہوں کہ فنانس کے حوالے سے تمام رولز اور تمام معلومات، یہ بالکل آن لائن کی جائیں اور ایک آدمی گھر پر بیٹھ کر بھی فنانس کے حوالے سے جو بھی معلومات اس کو درکار ہوں، اس کو دی جائیں، اس لئے کہ یہ اس حکومت کی نہیں، بلکہ وزیر خزانہ کی نہیں، ساری قوم کی امانت ہے اور کسی چیز کو چھپانا، رجسٹر میں فائل میں چھپا کر رکھنا، یہ مناسب بھی نہیں ہے اور یہ کوئی ترقی کی علامت بھی نہیں ہے تو ان شاء اللہ تعالیٰ میرا یقین ہے کہ ہم بہت جلد اس کے کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ میں نے اپنے فنانس ڈیپارٹمنٹ کو یوں بھی کہا ہے کہ جتنے بھی وہ اخباری

رپورٹرز ہیں، جو فنانشل رپورٹرز ہیں، آپ اس کو مہینے میں خود بلایا کریں اور ان کو خود بریفنگ دیا کریں تاکہ تجسس کرنا اور دفتر میں سارا سارا دن گزار کر کوئی خبر حاصل کرنے کا یہ سلسلہ بھی ختم ہو جائے، اس لئے کہ اگر ہم دیانتدار ہیں اور ہمارے ہاتھ پاک ہیں تو ہمیں کوئی چیز چھپانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس مسئلے کا جہاں تک تعلق ہے جناب سپیکر صاحب! Premature کے حوالے سے اور یہ Increment کے حوالے سے ہم نے سمری موؤ کی لیکن اس پہ خود وزارت قانون کی طرف سے یہ سوال اٹھایا گیا کہ اس سے پہلے اس پر آنے والے اخراجات کا تخمینہ بھی پیش کیا جائے، اصولی طور پر یہ تو چیز ٹھیک ہے، اگر مرکز کوئی چیز کہے، وہ بھی ٹھیک ہے ہمیں اس کو Follow کرنے کی ضرورت ہے، اب وہ In process ہے، اس کی ہم نے مخالفت نہیں کی ہے اور تمام محکموں سے یہی کہا گیا ہے کہ اس پر اٹھنے والے اخراجات، اس کو ہم اکٹھا کر رہے ہیں اور پھر یہ سمری جو ہے وزیر اعلیٰ کے پاس جائے گی اور اس کی منظوری کے ساتھ اس کا اعلان کیا جائے گا اور میرا خیال ہے، میں خود اس کے Favour میں ہوں کہ اس کے نتیجے میں متعلقہ ملازمین کو ایک بہت بڑا فائدہ ان شاء اللہ تعالیٰ مل جائے گا۔ تو اگر میری یہ اطلاع صحیح ہے کہ عظمیٰ خان صاحبہ نے گزشتہ حکومت اور گزشتہ اسمبلی میں بھی اسی طرح کا سوال اٹھایا تھا اور کوشش کی تھی تو میرا یقین ہے ان شاء اللہ کہ اس حکومت میں اسمبلی میں اگر یہ کام نہیں ہو سکا ہے، امید ہے کہ اس سیشن میں یعنی اسمبلی کے اس دوران یہ کام ہو جائے گا۔

<u>جناب قائمقام سپیکر:</u> شکریہ جی۔ مولانا مفتی فضل غفور صاحب۔

<u>مولانا مفتی فضل غفور:</u> شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ دا ما یو کال اټینشن پیش کړے وو۔ "صوبہ بھر کے ہسپتالوں میں ہیپاٹائٹس سی کے ویکسین جو حکومت کی جانب سے فراہم کئے جا رہے تھے، ختم ہونے سے ان مریضوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے جو پہلے سے ویکسینیشن کر رہے تھے اور اس پر اخبارات میں کئی دفعہ Statements بھی آچکی ہیں۔ حکومت اس جانب توجہ فرما کر مذکورہ ویکسین فراہم کرے"۔

جناب سپیکر صاحب! دا دوه درې پیرې په دغه فلور باندې مختلف معززو اراکینو دا مسئله راپورته کړله، مونږ چې کله واؤریدله چې په دغه صوبه کښې په هیلتھ کښې ایمرجنسی اناؤنس شوله نو مونږ دا سوچ کولو چې دا ډیر اهم خبرې خو لا څه چې کوم Core cases دی، په هغې کښې هم د مریضانو د Facilitate کولو د پاره به ښه مضبوط اقدامات کیدلی کیږی۔ د څومره وخت

راهسې دا مسئله په دغه صوبه کښې چلیږی او په سؤونو نه، په زرګونو داسې مریضان چې هغه پخپله باندې د دغې ویکسین د اخستلو طاقت نه لری او د مخکښې نه حکومت هغوی ته Doze ورته سټارټ کړی وو او هغه یکدم رکاؤ شو۔ جناب سپیکر صاحب! د هغې غریبانانو خلقو د سترګو اوښکې مونږ لیدلې دی ځوک چې پخپله باندې د دغې علاج طاقت نه لری او حکومت هم په دغې کښې د ټال مټول نه کار اخلی۔ هیلته منسټر صاحب تشریف فرما دے، هغه بله ورځ ما پوائنټ آف آرډر باندې خبره وکړله، دوئ جواب راکړو خو زما په خیال باندې کم از کم زه بحیثیت د دغې اسمبلئ د یو رکن د خپلې حلقې او د خپلې ضلعې دغه غریبانان مریضان کم از کم په دغې خبرو باندې نشم مطمئن کولے۔ دغې هاؤس ته د Date وښودلے شی چې فلانکی تاریخ پورې به په هر هسپتال کښې هیپاټئټس سی ویکسین به مونږ Provide کړی وی او غریبانان مریضان د ځی او هلته د هغه خپل ویکسینیشن دا د یو پیره بیا شروع کوی۔ ډیره ډیره مننه، ډیره ډیره شکریه۔

<u>جناب قائمقام سپیکر</u>: آنریبل شوکت یوسفزئی صاحب۔

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر صحت)</u>: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔ زه د مفتی صاحب مشکور یم، بہت اہم ایشو ہے یہ اور چونکہ آپ کو پتہ ہے کہ ہیپاٹائٹس سی کافی مہنگا علاج ہے اور زیادہ تر اس میں جو لوگ Suffer ہو رہے ہیں، وہ بہت زیادہ غریب ہوتے ہیں اور ہماری ان کے ساتھ پوری ہمدردی بھی ہے، چونکہ میرے والد اس مسئلے سے گزر چکے ہیں، ہیپاٹائٹس سی سے تو مجھے اندازہ ہے کہ کتنا مہنگا علاج ہے اور کتنا مشکل ہے؟ تو ان شاء اللہ تعالیٰ میں آپ کو یقین دہانی نہیں، یہ ہمارا فرض ہے کیونکہ یہ جو ایشو آیا ہے جناب سپیکر، اس میں دو قسم کے انجکشنز ہوتے ہیں، Interferon، ایک Pegylated ہوتے ہیں، Non pegylated injections ہوتے ہیں اور جو Pegylated injections ہوتے ہیں، یہ Chronic Hepatitis C میں استعمال ہوتے ہیں تو اس کیلئے چونکہ ہائی کورٹ کا آرڈر تھا کہ اس کا جو پراسیس ہے، اس میں آپ نیب اور انٹی کرپشن اور اس قسم کے اداروں کو شامل کر کے اس پراسیس کو مکمل کریں، چونکہ ان کی طرف سے آرڈر تھا تو وہ پراسیس مکمل ہو چکا ہے اور اس کا کیس جو ہے، وہ چیف سیکرٹری کو بھجوا دیا گیا ہے، تو میں ان شاء اللہ تعالیٰ

امید کرتا ہوں کہ تین چار دن یا ایک ہفتے کے اندر اندر یہ کیس کرکے، اور میں اپنے محکمے کو ہدایت کرتا ہوں کہ جیسے ہی اس کی Approval ہوتی ہے، فوراً آپ اس کی Purchasing کرکے ان لوگوں کو پہنچادیں۔ جو دوسرا Non pegylated کا وہ ایشو ہے، چونکہ یہ سابقہ حکومت میں جو خریدے گئے تھے، اس میں یہ کوئسچن اٹھایا گیا کہ جی یہ Substandard ہیں اور اس میں بڑا مسئلہ اٹھا جس کی وجہ سے اس کو Retest کیلئے اس کے Samples بھجوائے گئے ہیں وفاقی حکومت کو جو کہ ابھی تک اس کا رزلٹ نہیں آیا ہے اور جب تک وہ ڈیکلیئر نہیں ہوتا کہ یہ Substandard ہیں یا نہیں، اگر وہ کہتے ہیں کہ Sub-standard ہیں تو یہ ہمارے محکمے کے پاس پیسے بھی ہیں، ہم فوراً خرید کے دوبارہ دے سکتے ہیں۔ چونکہ ایک دفعہ خریداری ہو چکی ہے اسکی، وہ سابقہ دور میں ہوئی ہے اور اس کا ایشو صرف یہ ہے کہ وہ آپ کو پتہ ہے کہ کورٹ کے سارے Decisions ہیں، تو یہ میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ چونکہ جو Chronic Hepatitis C کا ہے، Already اس کا پراسیس مکمل ہو گیا ہے، ایک ہفتے کے اندر اندر انشاء اللہ تعالیٰ محکمے کے لوگ یہاں بیٹھے ہیں، ان کو میں ہدایت کرتا ہوں کہ اس کا پراسیس مکمل کرتے ہی فوری طور پر آپ اس کی خریداری کرکے ان لوگوں تک یہ پہنچائیں اور یہ دوسرا جو ہے اگر Retest کے بعد اگر اس کو ڈیکلیئر کیا گیا کہ یہ ٹھیک ہے تو ہمارے پاس اس کے بہت سارے سٹاکس موجود ہیں، وہ بھی ہم فوری طور پر تمام ہاسپٹلز کو دینے کیلئے تیار ہیں چونکہ ہیپاٹائٹس سی کیلئے حکومت نے، ہم نے بھی کوئی پانچ سو ملین روپے اس اے ڈی پی میں رکھے ہیں لیکن جناب سپیکر! آپ کو پتہ ہے کہ خریداری ایک دفعہ ہو جائے، دوسری دفعہ خریداری میں کافی پرابلمز آتے ہیں۔ تو جیسے ہی یہ کورٹ کے جو آرڈرز ایشو ہوئے، اس کی یہ کلیئرنس آجائے تو ہمیں اس کا احساس بھی ہے اور مجھے ہمدردی بھی ہے کہ میرے پاس بھی بہت سارے لوگ آتے ہیں جو واقعی غریب ہیں، Deserving ہیں اور میں ان شاء اللہ یہ یقین دلاتا ہوں کہ اس ایشو کو ایک ہفتے کے اندر اندر Resolve کردیا جائے گا۔ شکریہ۔

<u>جناب قائمقام سپیکر:</u> جی، مولانا صاحب۔

<u>مولانا مفتی فضل غفور:</u> محترم جناب شوکت یوسفزئی ډیر ښه وضاحت وکړو خو زما به یو ریکویسټ وی چې په دیکښې Hard places دی او ډیر غریبانان خلق دے، کم از کم د هغې د پاره Alternate څه متبادل څه نه څه بندوبست دا په هر هسپتال کښې پکار دے بالخصوص زمونږ په حلقه کښې چې هغه غرئیزه حلقه ده او د هغې خلق انتهائی غریبانان دے او هغه د دغې طاقت نه لری، نو که په Local

purchase یا په دا سې طریقه باندې هغوی د پاره تاسو متبادل بندوبست وکړئ نو دا به ډیره زیاته غوره وی، د بونیر د پاره بالخصوص۔

محترمہ نگہت اورکزئی: محترم سپیکر صاحب۔

جناب قائمقام سپیکر: جی، میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! آپ کے توسط سے میں ابھی جو وزیر صحت نے یہ بات کی ہے کہ جو پرانا سٹاک پڑا ہوا تھا اور اس کو Retest کروانا ہے، ایسی بات تھی کہ وہ مجھے سمجھ آئی ہے کہ اس کو Retest کرواتے ہیں اور اگر وہ Retest میں صحیح نکلتے ہیں تو وہ انجکشنز صحیح ہیں تو ان کو ہم زیر استعمال لائیں گے۔ تو جناب سپیکر صاحب، اگر اس پراسیس کو ذرا تیز کر دیا جائے کیونکہ تین مہینے تو گزر چکے ہیں، تو اگر تیز کر دیا جائے تو میرا خیال ہے وہ غریب لوگ جو کہ اس بیماری سے آگے موت کی طرف جا رہے ہیں تو ان کی زندگی بچ سکتی ہے۔ تو میری یہ گزارش ہے کہ اگر اس پراسیس کو ذرا تیز کر دیا جائے جو کہ پرانا جو سٹاک پڑا ہوا ہے۔۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: شکریہ۔

وزیر صحت: جناب سپیکر! جیسے میں نے کہا، میں ان شاء اللہ کل ہی اپنے ڈیپارٹمنٹ، جو یہاں بیٹھے ہیں، ان کو تو میں ابھی ہدایت کرتا ہوں کہ فوری اس کا (پتہ) کریں کہ کتنی دیر اور لگے گی وفاقی حکومت میں؟ اگر کوئی زیادہ اس میں لمبا ٹائم لگنے والا ہے اور یہ لوگ Suffer ہو رہے ہیں تو ہمارے پاس پیسہ ہے، انشاء اللہ ہم فوری اس کی خریداری کریں گے۔

Mr. Acting Speaker: Thank you, ji. Mufti Said Janan, MPA, to please move his call attention notice No. 119, in the House.

مفتی سید جانان: زه جی نور څه وئیل نه غواړم، ممبر چې دې ځائې کښې چې کومه مسئله راؤړی، صرف د دغې خلقو د دې صوبې عوامو ته گوری، د هغې نه بعد راؤړی۔ دا جی تاسو وگورئ، یو دوه ورځې مخکښې یو لوئے رپورټ شائع شوے دے، 382 سکولونه بند دی ټولې صوبې کښې او تیرې اسمبلئ کښې هم په دې باندې غالباً غالباً چې کوم ملگری موجود دی، هغوی ته به دا پته وی، دا خبره ما یو ځلې راوړې وه، دې 382 سکولونو له جی که په 35 لاکه روپئ کښې ضرب ورکړئ چې کم از کم دا په 35 لاکه باندې یو سکول جوړیږی کم از کم، دا یو ارب 33 کروړ 70 لاکه روپئ جی جوړیږی او دا د نن نه نه، دا د ډیرې مودې

نه بند دی خو مونږ دلته کښیناستلو، محکمې والا مونږ ته دا یقین دهانی وکړله چې ان شاءاللّٰه العظیم ډیر زر به مطلب دا دے مونږ د دې سکولونو کهلاؤلو کوشش کوؤ۔ نو په دې بنیاد باندې۔۔۔۔

(مغرب کی اذان)

<u>مفتی سید جانان:</u> زه جناب سپیکر صاحب، دا خپل کال اټینشن نوټس واپس اخلم۔

<u>جناب قائمقام سپیکر:</u> شکریہ۔ نماز کا وقفہ کرتے ہیں جی۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی مغرب کی نماز کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب قائمقام سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

<u>جناب قائمقام سپیکر:</u> جی، سردار بابک صاحب۔

<u>جناب سردار حسین:</u> شکریه، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! زما وختی هیر شو، ما وئیل چې تاسو له مبارکی درکړم ځکه چې تاسو خو نن سپیکر یئ، ماشاءاللّٰه تاسو چارج هم اخستے دے نو ما وئیل چې تاسو له مبارکی هم درکړم۔۔۔۔

<u>جناب سراج الحق (سینئر وزیر و وزیر خزانہ):</u> لږ لیټ شوې۔

<u>جناب سردار حسین:</u> اؤ لږ لیټ شوم خو بس هغه، سپیکر صاحب! بیا هغې سره ما بل خواست کولو، ما وئیل چې سټینډنګ کمیټۍ چې دی، دا بنه وه حکومت هم راغے، سټینډنګ کمیټۍ چې دی سپیکر صاحب، هغه هم ډیرې زیاتې لیټ شوې او بیا تاسو له هم اللّٰه تعالیٰ یو موقع داسې درکړه چې بهرحال دې چیئر باندې ناست وئ نو هم مونږ تاسو ته د سپیکر په نظر کتل، اوس خو ظاهره خبره ده، نو زه به دا خواست کوم چې زمونږ حکومتی ورونه یو طرف ته بیا دا خبره کوی چې مونږ به اقرباء پروری هم ختموؤ او ډیرې ورځې وشوې بلکه میاشتې وشوې او بزنس چې دے، په هغې باندې ډیر لوئے اثر کیږی۔ زما به دا خواست وی چې ما ته پته ده چې دلته د پارلیمانی سیکرټریانو د راتلو سره مسئله چې ده، هغه بیا ګرانه شوې ده خو بهرحال د سټینډنګ کمیټو دا جوړول چې دی، دا ډیره زیاته اهمه مسئله ده، بلکه یواځې اهمه مسئله نه ده، دا ډیره زیاته ضروری مسئله ده، بلکه تاسو که د خپلې اسمبلۍ ریکارډ راواخلئ نو په دې دوران کښې چې د اسمبلۍ څومره بزنس دے چې هغه سټینډنګ کمیټو ته یا مختلفو کمیټو ته ریفر

شوے دے نو زما یقین دا دے چې هغه به تر هغه وخت پورې پینډنګ پروت وی تر کومه وخته پورې چې کمیټۍ نه وی جوړې شوې۔ سپیکر صاحب! دلته خو لطف الرحمان صاحب ناست وو، بیا ما هغه سره هم خبره کړې ده، د مسلم لیګ مشران ملګری چې ناست دی، ما هغوی سره هم خبره کړې ده، مونږ پخپله د پیپلز پارټۍ چې زمونږ کوم پارلیمانی لیډر دے، هغه سره مونږ خبره کړې ده، زمونږ د طرف نه هیڅ داسې څه خبره نشته دے نو تاسو ته به زما دا ریکویسټ وی چې دا موقع درله الله تعالیٰ درکړې ده نو که په دیکښې دا کار وشی نو زما یقین دا دے چې دا به ډیره زیاته بهتره خبره وی۔ دغه ریکویسټ مې تاسو ته کولو۔

<u>Mr. Acting Speaker:</u> Thank you. The honourable Minister for Law, Khyber Pakhtunkhwa, to please lay on the table of the House the Reports of the Council of Islamic Ideology.

چونکہ منسٹر موصوف صاحب نے ریکویسٹ کی ہے اس لئے اس کو پینڈنگ کرتے ہیں جمعہ تک۔

جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

<u>جناب قائمقام سپیکر:</u> معزز اراکین اسمبلی! جیسا کہ آپ سب کے علم میں ہے کہ ہر سال 30 ستمبر تک اثاثہ جات کی تفصیل، گوشوارے جمع کئے جاتے ہیں۔ چونکہ کافی ممبران صاحبان اب بھی گوشوارے جمع نہیں کر سکے لہذا گزارش ہے کہ 15 اکتوبر تک اب بھی گنجائش ہے تو جو حضرات رہتے ہیں تو وہ اپنے گوشوارے اثاثہ جات جمع کرادیں۔ شکریہ۔

میرے خیال میں ہاؤس سے مشورہ کرنے کے بعد پھر Sitting adjourn کرتے ہیں، کل چونکہ 'پرائیویٹ ممبر ڈے' ہے اور پرسوں کیلئے اگر آپ لوگ مناسب سمجھتے ہیں تو جمعہ صبح دس بجے سے اجلاس شروع کر دیتے ہیں، پھر بیچ میں نماز جمعہ کا وقفہ کر کے تین بجے پھر سٹارٹ کریں، یہ میری اپنی تجویز ہے، رائے ہے، آپ لوگ اس پر جو مناسب سمجھتے ہیں تو ایک فیصلہ دیدیتے ہیں۔، ایجنڈا بہت زیادہ ہے اس لئے کوشش یہی ہے کہ صبح سے اگر یہ۔۔۔

<u>اراکین:</u> ٹھیک ہے۔

<u>جناب قائمقام سپیکر:</u> ٹھیک ہے؟۔ جی۔

<u>جناب عبیداللہ مایار (پارلیمانی سیکرٹری برائے معدنی ترقی):</u> جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب قائمقام سپیکر:</u> مائیک ذرا آن کردیں۔

جناب عبیداللہ مایار (پارلیمانی سیکرٹری برائے معدنی ترقی): جناب سپیکر صاحب! زه مشکور یم، زه ستاسو توجه یو اهم طرف ته گرځوم جی۔ په مردان کښې نن سبا په کالج چوک کښې چې کوم زمونږ د مردان مین ځائې دے، بلکه بازار دے کالج چوک، هلته یو احتجاجی کیمپ لګیدلے دے۔ هغه کیمپ چې لګیدلے دے، هغه د مردان د مضافاتو خلقو، هغه خلق چې د کومو خلقو زمکه په عبدالولی خان یونیورسټی کښې راغلې وه دغه کیمپ هغه خلقو لګولے دے۔ په هغې کښې د هاشم آباد، د پلټو، د مایارو، د طورو د خلقو زمکې راغلې وې او نن سبا هغه خلق د یوې هفتې نه په مردان کښې په بازار کښې په کالج چوک کښې ناست دی، احتجاجی کیمپ ئے لګولے دے۔ هغوی سره تیر شوی حکومت وعدې کړې وې چې د چا زمکې په دې یونیورسټۍ کښې راغلې دی، مونږ به د کلاس فور چې کوم دے، د هغوی ښه پوره پوره په دیکښې حصه هغوی له ورکوؤ۔ نو اوس هغه خلق راپاڅیدلے دے او په مردان کښې په کالج چوک کښې هغوی احتجاجی کیمپ لګولے دے، په دیکښې هغوی ټول غریبانان خلق دے، د چا کنال کنال، د چا دوه دوه کناله زمکې وې پکښې، د چا جریب جریب، د هغوی پکښې کورونه هم تلی دی او د هغوی پکښې زمکې هم لاړلې او هغه کیمپ هغوی شپه او ورځ لګولے وی، نو زما دا درخواست دے چې هغه خلق چې د چا زمکې پکښې تلې دی او د چا کورونه پکښې تلی دی، هغوی سره څنګه چې تیر شوی حکومت وعده کړې وه نو که فرض کړه هغوی سره دا وعده پوره شوه او هغه خلقو له توجه ورکړې شوه چې کوم غریبانان خلق دے او مزدورکار خلق دے، هغوی خپلې مزدورئ پریښې دی او په هغه کیمپ کښې هغوی شرکت کړے دے نو که مهربانی وشوه، لهذا څنګه چې په کلاس فور کښې په عبدالولی خان یونیورسټۍ کښې ترجیح او توجه ورکړې شوه، نو زما دا، منسټر صاحب خو دې وخت کښې شته نه، هائر ایجوکیشن، خاصکر هغوی ته دا درخواست دے چې په دې باندې سنجیدګئ سره غور وکړی۔ مهربانی۔

Mr. Acting Speaker: Thank you, ji. The Sitting is adjourned till 10:00 a.m. of Friday Morning, October 11, 2013.

(اسمبلی کا اجلاس بروز جمعہ مورخہ 11 اکتوبر 2013 صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)